# باب 18: پوسٹل خدمات

**عام معلومات**

ہانگ کانگ میں ڈاک کی خدمات ہانگ کانگ پوسٹ کی جانب سے مہیا کی جاتی ہیں، جو مناسب قیمتوں پر قابل اعتماد، موثر سروس پیش کرتا ہے۔

یہ یقینی بنانے کے لئے کہ آپ کی ڈاک کی فوری طور ترسیل کی جاتی ہے، لفافہ کے اوپر دائیں کونے میں ٹکٹیں لگائیں اور پتہ واضح طور پر لکھیں۔ اگر نہیں، تو خصوصی طور پر نمٹنے کی وجہ سے اس شے کی ترسیل میں تاخیر ہو سکتی ہے۔ آپ کو یہ یاد دہانی بھی کرائی جاتی ہے کہ یقینی بنائیں کہ پوسٹنگ کے لئے پیش کردہ تمام ڈاک کی اشیاء کے لئے خاطر خواہ ادائیگی کر دی گئی ہے۔

ہانگ کانگ پوسٹ ویب سائٹ اور ہانگ کانگ پوسٹ موبائل ایپلیکیشن پر دستیاب ایک آن لائن ایڈریسنگ ٹول فراہم کیا گیا ہے تاکہ عام لوگوں کی جانب سے آسانی سے مقامی ڈاک کا صحیح ایڈریس فارمیٹ تلاش کیا جا سکے۔ آلہ آپ کو پوسٹنگ یا دیگر مقاصد کیلئے پتے کو لفافوں اور ایڈریس لیبل پر پرنٹ کرنے کا اہل بھی بناتا ہے۔ ناقابل ترسیل ڈاک کی واپسی میں سہولت فراہم کرنے کے لئے، برائے مہربانی بھیجنے والے کا نام اور پتہ لفافہ کے اوپر والے بائیں کونے پر یا لفافے کی عقبی جانب لکھیں۔ مزید تفصیلات اس لنک سے ملاحظہ کی جا سکتی ہیں:
https://www.hongkongpost.hk/en/about_us/tips/correct_address/index.html

تمام ائیر میل خطوط نیلے "بذریعہ ایئر میل" لیبل کے ساتھ چسپاں کیے جانے چاہئیں۔ یہ تمام ڈاک خانوں میں مفت دستیاب ہیں۔ لیبل کو لفافے کے پتہ کی جانب کے اوپری بائیں جانب کونے پر یا پارسلز اور پیکٹس پر پتہ کے قریب لگائیں۔ اگر آپ کے پاس ایک ائیرمیل لیبل نہیں ہے، تو ایئر میل اشیاء پر "بذریعہ ایئر میل" لکھیں۔

بذریعہ ڈاک بھیجے گئے تمام پارسلز کو ڈاک خانوں میں ایزی پری کسٹمر پلیٹ فارم یا دستیاب خصوصی فارم کے ذریعے لازمی ظاہر/واضح کرنا ہوگا۔ ڈاک کی اشیاء کی تفصیلی اور سچائی پر مبنی وضاحت (یعنی تفصیلات، مقدار اور وزن یا حجم وغیرہ کے بارے میں) کسٹم اعلامیہ فارم پر فراہم کرنا لازمی ہے۔ ایزی پری کسٹم پلیٹ فارم سے متعلق مزید تفصیلات کیلئے، برائے مہربانی ملاحظہ فرمائیں
https://easy-precustoms.hongkongpost.hk/epc

پوسٹنگ کے لئے ممنوع کردہ خطرناک اشیاء پر معلومات کیلئے، آپ https://www.hongkongpost.hk/filemanager/common/poguide/en/6.3.pdf پر ویب سائٹ ملاحظہ کر سکتے ہیں

## ڈاک کی خدمات

ہانگ کانگ ڈاک خطوط، پوسٹ کارڈز، پرنٹ شدہ کاغذات (صرف بیرون ملک ڈاک کیلئے) اور پارسلز کے لئے ڈاک کی خدمات، اس کے ساتھ ساتھ مندرجہ ذیل دیگر خدمات فراہم کرتی ہے:

**نئی جگہ کیلئے سروس:** اگر آپ کہیں منتقل ہو رہے ہیں، تو اپنی ڈاک کو آپ کے کاروبار یا رہائشی پتوں سے ہانگ کانگ یا بیرون ملک میں، اپنے نئے پتہ پر منتقل کرنے کا بندوبست کرنا نہایت آسان ہے۔ اس خدمت کے لئے درخواست فارم تمام ڈاک خانوں میں دستیاب ہیں یا https://www.hongkongpost.hk/en/receiving_mail/redirection پر ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کیے جا سکتے ہیں۔

**اسپیڈ پوسٹ:** اسپیڈ پوسٹ دنیا بھر میں **210** سے زائد مقامات اور مین لینڈ چین میں **1,900** شہروں کے لئے ایک آسان، تیز رفتار اور پیسے کی قدر کی بین الاقوامی کورئیر سروس فراہم کرتا ہے۔ اسپیڈ پوسٹ کی معاونت **24** گھنٹے آن لائن سراغ رسانی اور رقم واپسی کی ضمانت کے ساتھ کی جاتی ہے جو صارفین کو اضافی ذہنی سکون فراہم کرتی ہے۔ سروس معلومات کی تفصیلات سپیڈ پوسٹ شرح پلان (**Pos15A/1**) اور پوسٹنگ گائیڈ (**Pos15A/2**) میں دستیاب ہیں جو کہ اسپیڈ پوسٹ کی ویب سائٹ https://speedpost.hongkongpost.hk پر، اور ہر پوسٹ آفس میں اسٹاک باقی رہنے تک دستیاب ہیں۔

**مقامی کورئیر پوسٹ:** مقامی ڈاک کی ترسیل کیلئے یہ تیز رفتار، قابل اعتماد، باسہولت اور رقم کی صحیح قدر کا نعم البدل ہے۔ ورکنگ ڈے کے مقررہ وقت پر یا اس سے پہلے پوسٹ کی جانیوالی اشیاء کے لئے، ہانگ کانگ پوسٹ، سروس علاقہ میں بروقت ترسیل کی ضمانت دیتا ہے۔ مزید معلومات کیلئے آپ https://www.hongkongpost.hk/en/sending_mail/local/lcp پر ویب سائٹ ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

**رجسٹر شدہ ڈاک:** جب آپ کچھ اہم بھیجتے ہیں، تو آپ اس سروس کا انتخاب کر سکتے ہیں، اس کے لئے جب آپ اشیاء بھجواتے ہیں تو ایک پوسٹنگ کا ایک سرٹیفکیٹ فراہم کیا جائے گا۔ رجسٹریشن سروس کے بارے میں معلومات کیلئے، آپ درج ذیل پر ویب سائٹ ملاحظہ کر سکتے ہیں
https://www.hongkongpost.hk/en/sending_mail/local/registered

**EC-Get**: EC-Get ایک کفایتی مقامی ڈاک سروس ہے جو ڈاک بھیجنے کا آسان طریقہ اور ڈاک جمع کرنے کا لچکدار انتظام فراہم کرتی ہے۔ یہ آن لائن ٹریکنگ کی خصوصیت کے ساتھ آتی ہے، اور جب ڈاک کی شے وصول کنندہ کی طرف سے کامیابی سے حاصل کر لی گئی ہو، تو یہ ایس ایم ایس کے ذریعے آپ کو مطلع کرتی ہے۔ سروس کی مکمل تفصیلات کیلئے برائے مہربانی
https://www.hongkongpost.hk/en/sending_mail/local/ec_get/index.html
ملاحظہ کریں

**وینٹیج:** وینٹیج ایک بین الاقوامی کورئیر سروس ہے جو 26 یورپی ممالک اور امریکہ کو ایک کفایتی اور تیز رفتار بین الاقوامی ڈلیوری سروس فراہم کرتی ہے۔ وینٹیج ڈلیوری سے قبل یورپ میں وصول کنندگان کے لیے مکمل ٹریکنگ سروس اور ایس ایم ایس پیغام کی پیشکش کرتی ہے، اس طرح ڈلیوری کی تاریخ یا کلیکشن پوائنٹ منتخب کرنے کے لیے وصول کنندگان کو لچک فراہم کرتی ہے۔ سروس کی تفصیلات کیلئے، **آپ یہ ویب سائٹ ملاحظہ کر سکتے ہیں** https://www.hongkongpost.hk/en/sending_mail/international/courier/vantage/index.html

**انشورنس:** جب آپ کسی قیمتی چیز کو ڈاک سے بھیجتے ہیں، تو آپ اس کا ہانگ کانگ پوسٹ کی جانب سے بیمہ کرا سکتے ہیں تاکہ اگر شے کھو جاتی ہے تو آپ کو اس کا معاوضہ ادا کیا جا سکتا ہے۔ برائے مہربانی ڈاک دفاتر کے ساتھ پڑتال کریں یا ہماری ویب سائٹ براؤز کریں https://www.hongkongpost.hk/en/sending_mail/international/air/insured اور ان ممالک کی پڑتال کریں جو اس سروس کی معاونت کرتے ہیں۔

**تکمیلی خدمات**

**پے تھرو پوسٹ:** آپ ہانگ کانگ پوسٹ پے تھرو پوسٹ سروس کے ذریعے ون اسٹاپ بل ادائیگی کی سروس سے لطف اندوز ہو سکتے ہیں۔ آپ کے سرکاری بلز اور یوٹیلٹی بلز PayThruPost سروس کے ذریعے ہانگ کانگ بھر میں کسی بھی پوسٹ دفاتر میں ادا کیے جا سکتے ہیں۔ یہ سادہ اور سہولت دہ ہے۔ مزید تفصیلات کیلئے، برائے مہربانی https://www.hongkongpost.hk/en/services/payment ملاحظہ کریں

**ای-ریمیٹینس سروس:** ہانگ کانگ پوسٹ ویسٹرن یونین ای-ریمیٹینس سروس مہیا کرتا ہے۔ یہ خدمت آپ کو پیسے بھیجنے / وصول کرنے کا ایک باکفایت اور موثر طریقہ فراہم کرتی ہے۔ ویسٹرن یونین ای-ریمیٹینس 49 منتخب شدہ ڈاک خانوں میں دستیاب ہے، جو آپ کو دنیا بھر میں 200 سے زائد ممالک اور دنیا بھر کے خطوں کو رقم بھیجنے کی اجازت دیتا ہے۔ وصول کنندگان 515,000 سے زائد ایجنٹ مقامات سے پیسے وصول کر سکتے ہیں۔ مزید تفصیلات کیلئے، برائے مہربانی ملاحظہ کریں https://www.hongkongpost.hk/en/services/remittance/electronic_remittance

**پوسٹ آفس باکس سروس:** نجی پوسٹ آفس باکسز پوسٹل پیکٹس کی وصولی کے لیے دستیاب ہیں جنہیں پتہ کی جگہ پر پوسٹ مین کے ذریعے ڈلیوری کے متبادل کے طور پر کرایہ دار یا اس کے ایجنٹ کی طرف سے وصول کیا جائے گا۔ نجی پوسٹ آفس باکسز 18 سال یا زیادہ عمر کے ہانگ کانگ کے رہائشی افراد یا مقامی طور پر رجسٹرڈ کاروبار یا تنظیموں کو کرائے پر دیئے جا سکتے ہیں۔ سروس کی مکمل تفصیلات کیلئے برائے مہربانی https://www.hongkongpost.hk/en/receiving_mail/letter_boxes/pobox ملاحظہ کریں

**e-Cert سروس:** ہانگ کانگ پوسٹ ایک تسلیم شدہ سرٹیفیکیشن اتھارٹی کی حیثیت سے، بینکاری، مالیات، تجارتی، تعلیم اور سرکاری خدمات کے شعبوں میں محفوظ و مامون آن لائن الیکٹرانک لین دین کو فعال کر کے، ذاتی اور تنظیمی ای-سیکیورٹی ضروریات کے لئے مختلف اقسام کے ڈیجیٹل سرٹیفکیٹس اور متعلقہ خدمات پیش کرتا ہے۔ مزید تفصیلات کیلئے، برائے مہربانی https://www.hongkongpost.hk/en/services/ecert ملاحظہ کریں

**"iAM Smart+" رجسٹریشن:** ہانگ کانگ ڈاک آفس آف گورنمنٹ چیف انفارمیشن آفیسر کے "iAM Smart+" کے لئے رجسٹریشن سروس فراہم کرتی ہے۔ آپ قانونی دستاویزات اور پروسیجرز آن لائن پراسیس کرنے کے لیے الیکٹرانک ٹرانزیکشن آرڈیننس (باب 553) کے مطابق ڈیجیٹل طور پر دستخط کرنے کے لیے "iAM Smart+" استعمال کر سکتے ہیں۔ مزید تفصیلات کیلئے، برائے مہربانی https://www.hongkongpost.hk/en/services/iam_smart/index.html ملاحظہ کریں

**ہم سے رابطہ کریں**

| | |
|---|---|
| عمومی استفسارات | 2921-2222 |
| میل ٹریسنگ | 2921-2211/<br>2921-2560 |
| اسپیڈ پوسٹ / مقامی کورئیر پوسٹ<br>• پک اپ<br>• اکاؤنٹ کھولنا<br>• اکاؤنٹ استفسارات | <br>2921-2266<br>2921-2277<br>2921-2248 |
| ٹکٹ اندوزی کی خدمات | 2785-5711 |
| سرٹیفیکیشن اتھارٹی (ای سرٹیفیکیشن) خدمات | 2921-6633 |
| کاؤنٹر سروسز | 2525-5856 |
| میل ڈلیوری | 2723-3454 |
| اسٹریٹ پوسٹنگ باکسز | 2356-2516 |
| ای-میل | hkpo@hkpo.gov.hk |
| فیکس | 2868-0094 |
| ویب سائٹ | https://www.hongkongpost.hk |

| | |
|---|---|
| ہانگ کانگ پوسٹ موبائل ایپلیکیشن | iOS ورژن<br><br>Android ورژن |